02-09-2024

08.50 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے شدید بارش کے بعد آندھراپردیش اور تلنگانہ کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا ہے۔ دونوں ریاستوں میں سیلاب بچاؤ کاری کیلئے NDRF کی 26 ٹیمیں تعینات کی جارہی ہیں۔

2. BJPآج ملک گیر رکنیت مہم کا آغاز کرے گی۔

3. بنگالی اداکاروں نے کولکاتا میں خاتون ڈاکٹر کی آبرو ریزی اور قتل کے خلاف رات بھر جاری رہنے والے احتجاج میں حصہ لیا۔

4. سازو سامان اور خدمات ٹیکسGST کی مجموعی وصولیابی سال بہ سال اگست میں 10 فیصد بڑھ کر ایک اعشاریہ سات پانچ لاکھ کروڑ روپے ہوگئی۔

5. اور: پیرس پیرالمپکس میں نشاد کمار نے مردوں کے ہائی جمپ میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ پریتی پال نے خواتین کے 200 میٹر Sprint مقابلے میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-AP & TELANGANA CM

وزیراعظم نریندر مودی نے آندھرا پردیش اور تلنگانہ کے وزرائے اعلیٰ کو ریاست میں شدید بارش کے تناظر میں بحران سے نمٹنے کیلئے مرکزی حکومت کی جانب سے ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا ہے۔ حکام نے کہا ہے کہ جناب مودی نے شدید بارش اور سیلاب کے تناظر میں آندھرا پردیش کے وزیراعلیٰ این چندر بابو نائیڈو اور تلنگانہ کے وزیراعلیٰ اے ریونتھ ریڈی سے فون پر بات کی۔ کَل حیدرآباد سمیت تلنگانہ کے مختلف علاقوں میں شدید بارش جاری رہی۔ تلنگانہ کے کھمم، محبوب آباد اور سوریہ پیٹ ضلعوں میں حالات انتہائی خراب ہیں۔ یہاں 100 سے زیادہ گاؤں سیلاب کے پانی کی زد میں آگئے ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C MS Lakshmi

حیدر آباد سمیت تلنگانہ کے کئی حصوں میں موسلا دھار بارش کا سلسلہ جاری ہے۔ کاما ریڈی اور نظام آباد میں کل سب سے زیادہ 22 سینٹی میٹر سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی جبکہ Khammam میں صورتحال انتہائی خراب ہے۔ چھتوں اور شاہراہوں پر سیکڑوں لوگ پھنسے ہوئے ہیں۔ تلنگانہ کی ریاستی حکومت نے بچوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے، احتیاطی اقدام کے طور پر حیدرآباد اور کئی دیگر متاثرہ اضلاع میں آج تمام پرائمری اور سیکنڈری، اسکولوں میں تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ محکمہٴ موسمیات نے آئندہ دو روز تک شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

حیدرآباد سے لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لے میں......

تلنگانہ میں سبھی پرائمری اور سیکنڈری اسکول آج بند ہیں۔ حیدرآباد کے ضلع کلکٹر نے طلباء کی حفاظت کو یقینی بنانے کی غرض سے احتیاطی اقدام کے طور پر اسکولوں کو بند رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ آندھرا پردیش بالخصوص وجے واڑہ اور آس پاس کے علاقوں میں پچھلے دو دن کے دوران غیر معمولی بارش کے سبب معمول کی زندگی متاثر ہے۔ ریاست بھر میں بارش سے متاثرہ علاقوں سے 17 ہزار افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے۔ تلنگانہ اور آندھرا پردیش میں سیلاب راحت اور بچاؤ کی کارروائیوں کیلئے قدرتی آفات کی صورت میں کام کرنے والی قومی فورس کی 26 ٹیموں کو تعینات کیا جارہا ہے۔ دونوں

ریاستوں میں 12 ٹیمیں پہلے سے ہی تعینات ہیں، جبکہ مزید 14 ٹیمیں بھیجی جارہی ہیں۔×

PREZ MAHARASHTRA VISIT

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج سے مہاراشٹر کا تین روزہ دورہ کریں گی۔ اپنے دورے کے پہلے دن وہ کولہاپور کے وارانگر میں Shri Warana Women Co-operative گروپ کی گولڈن جوبلی تقریب میں شرکت کریں گی۔ دورے کے دوسرے دن محترمہ مرمو پونے میں symbiosisانٹرنیشنل ڈیمڈ یونیورسٹی کے 21 ویں جلسہ تقسیم اسناد سے خطاب کریں گی۔ اس کے علاوہ وہ ممبئی میں مہاراسٹر قانون ساز کونسل کی صدی تقریب میں شرکت کریں گی۔ اپنے دورے کے آخری دن محترمہ مرمو لاتور کے اُدگیر میں بدھ وہار کا افتتاح کریں گی اور Shasan Aplya Dari اور مکھ منتری ماجھی لڑکی Bahin یوجنا کے مستفیدین سے بھی ملاقات کریں گی۔×

BJP-MEMBERSHIP

BJPآج سے اپنی رکنیت مہم شروع کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہے۔ رکنیت کی اس مہم کا آغاز وزیراعظم نریندر مودی BJP صدر جگت پرکاش نڈا سے اپنی رکنیت کی تجدید کا سرٹیفکٹ حاصل کرکے کریں گے۔ تمام موجودہ ممبروں کو اپنی ممبر شپ کی تجدید کرانی ہوگی۔ BJP کے آئین کے مطابق ہر 5 سے 6 سال میں رکنیت کی مہم نئے سِرے سے منعقد کی جاتی ہے۔ BJP کی رکنیت کی یہ مہم آج سے مختلف مرحلوں میں منعقد ہوگی اور آئندہ 10 نومبر تک جاری رہے گی۔ اس رکنیت مہم کا پہلا مرحلہ 25 ستمبر کو ختم ہوجائے گا۔ لوگ مِسڈ کال یا پارٹی کی ویب سائٹ یا دیگر ڈیجیٹل فارم کے ذریعہ رکنیت حاصل کرسکتے ہیں۔×

KOLKATA PROTESTS

ممتاز بنگالی اداکاروں اور فلم انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی دیگر سرکردہ شخصیات نے ٹرینی ڈاکٹر کیلئے انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے کولکاتہ میں رات بھر جاری رہنے والے احتجاج میں حصہ لیا۔ ٹرینی خاتون ڈاکٹر کی گزشتہ ماہ RG Kar اسپتال میں آبرو ریزی کی گئی تھی اور اسے قتل کردیا گیا تھا۔ شہر کے کالج اسکوائر سے شروع ہونے والی ایک بڑی ریلی میں اپرنا سین، سواستیکا مکھرجی، سُدپتا چکرورتی، چیتی گھوسال، سوہنی سرکار سمیت ممتاز اداکاروں، معروف شخصیات اور دیگر افراد نے ٹرینی ڈاکٹر کیلئے انصاف کا مطالبہ کرتے ہوئے سینٹرل ایونیو تک مارچ کیا۔ اداکاروں سمیت احتجاج میں شریک ہونے والے افراد آج صبح تک دھرنے کے مقام پر موجود رہے۔

انہوں نے مطالبہ کیا کہ حکمراں ترنمول کانگریس کا کوئی نمائندہ یا انتظامیہ کا کوئی بھی شخص اُن سے ملاقات کرے، تاکہ جلد تحقیقات اور اس معاملے میں ملوث افراد کی گرفتاری کے، اُن کے مطالبات کو پورا کیا جاسکے۔ اداکارہ سواستیکا مکھرجی نے کہا کہ انتظامیہ یہ سوچ سکتی ہے کہ آنے والے فیسٹول سیزن کے ساتھ تحریک کی رفتار ختم ہوجائے گی، لیکن درگا پوجا کے بعد یہ دوبارہ شروع ہوجائے گی اور وسیع ہوجائے گا۔ ٹرینی ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل پر احتجاج کرنے والے جونیئر ڈاکٹروں کے فورم نے بھی بنگالی فلم انڈسٹری کے اداکاروں اور ممتاز شخصیات کے ساتھ رات کے احتجاج میں حصہ لیا۔×

KASHI VEDIC MUSEUM

اترپردیش حکومت، وزیر اعظم نریندر مودی کے پارلیمانی حلقے وارانسی میں سمپورنانند سنسکرت یونیورسٹی کی مرکزی عمارت میں ویدک 3Dمیوزیم تعمیر کرے گی۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کل کاشی میں یونیورسٹی کے اپنے پہلے دورے کے دوران یہ اعلان کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V/C Sushil Chandra Tiwari

اس میوزیم میں ویدک ادب کے ارتقا کی نمائش کی جائے گی، جس میں 16 سنسکار، 64 آرٹ،18 وِدیا Sthans اور بھارتی رشی منیوں کے تعاون کو اجاگر کیا جائے گا۔

یہ Shastrarthaیعنی روحانی گفتگو کو بحال کرنے کے لیے ایک پلیٹ فارم کے طور پر استعمال ہوگا۔ وزیراعلیٰ نے تاریخی سرسوتی بھون میں نادر مخطوطات کا مشاہدہ کیا، جن میںRaas Panchadhyayi ، شریمد بھگوت گیتا اور Durgasaptashati شامل ہیں۔ سبھی مخطوطات کو آبِ زر سے لکھا گیا ہے اور خصوصی کپڑے پر فنی حسن کے ساتھ مزین کیا گیا ہے۔ فی الحال بھارت سرکار کے تعاون سے نیشنل مینو اسکرپٹ مشن کے ذریعے اِس کے تحفظ کا کام کیا جا رہا ہے۔ وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے 234 سال پرانی مرکزی عمارت کا معائنہ بھی کیا اور کہا کہ ہر ڈپارٹمنٹ میں سنسکرت سائن بورڈ لگائے جائیں۔

آکاشوانی لکھنؤ سے سشیل چندر تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..........

PM-UMESH UPADHAYA

وزیراعظم نریندر مودی نے سینئر صحافی اور مصنف امیش اپادھیائے کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ سینئر صحافی کی رحلت، صحافت کی دنیا کیلئے ناقابل تلافی نقصان ہے۔ جناب مودی نے دکھ کی اس گھڑی میں، اُن کے اہل خانہ کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا۔ جنوبی دلّی کے وسنت کنج علاقے میں واقع زیر تعمیر عمارت کی چوتھی منزل سے گرنے کے بعد امیش اپادھیائے کا انتقال ہوگیا ہے۔ پولیس نے کہا کہ امیش کَل صبح ساڑھے دس بجے اپنے گھر کے تعمیراتی کام کا معائنہ کررہے تھے، تبھی وہ چوتھی منزل سے اچانک گرگئے، جس سے انہیں سر میں چوٹ آئی، انہیں اسپتال لے جایا گیا، جہاں انہیں مردہ قرار دیا گیا۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GST COLLECTION

اگست کے مہینے میں سازو سامان اور خدمات ٹیکس GST کی مجموعی وصولیابی ایک اعشاریہ سات پانچ لاکھ کروڑ روپے ہوئی، جوکہ گزشتہ برس کے اسی مہینے کے ایک اعشاریہ پانچ نو لاکھ کروڑ روپے کی وصولیابی کے مقابلے میں 10 فیصد زیادہ ہے۔ ریفنڈس کو ایڈجسٹ کرنے سے قبل مرکزی حکومت نے 30 ہزار 862 کروڑ روپے وصول کئے، جبکہ ریاستی حکومتوں نے 38 ہزار 411 کروڑ روپے وصول کئے۔ درآمدات اور بین ریاستی فروخت سے متعلق مربوط GST کی وصولیابی 93 ہزار 621 کروڑ روپے ہوئی۔ اس کے علاوہ گھریلو لین دین سے مجموعی GST ریونیو میں 9 اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا، اور یہ تقریباً ایک اعشاریہ دو پانچ لاکھ کروڑ روپے تک پہنچ گیا۔

اشیاء کی درآمدات سے حاصل ہونے والے مالیہ میں 12 اعشاریہ ایک فیصد کا اضافہ ہوا، اور یہ 49 ہزار 976 کروڑ روپے تک پہنچ گیا۔ اگست تک مجموعی طور پر GST ریونیو 8 اعشاریہ صفر سات لاکھ کروڑ روپے رہا، جوکہ پچھلے سال کے مقابلے میں 10 اعشاریہ دو فیصد زیادہ ہے۔×

FPIs

غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں FPIs نے، لگاتار تیسرے مہینے سرمایہ کاری کا سلسلہ جاری رکھتے ہوئے، اگست میں بھارتی اثاثہ منڈیوں میں، 25 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کی رقم لگائی۔ Depsitories کے اعداد و شمار کے مطابق غیر ملکی سرمایہ کار کمپنیوں نے، 7 ہزار 320 کروڑ روپے، شیئر مارکیٹ میں اور 17 ہزار 960 کروڑ روپے قرضہ مارکیٹ میں لگائے۔ اس طرح اس مہینے بھارتی اثاثہ مارکیٹ میں، خالص سرمایہ کاری 25 ہزار 280 کروڑ روپے تک پہنچ گئی۔

FPIsنے، شیئر مارکیٹ میں، جولائی میں 32 ہزار 365 کروڑ روپے اور جون میں، 26 ہزار 565 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی۔ کمپنیوں نے، جون کے مہینے میں 26 ہزار 565 کروڑ روپے، شیئرز میں اور 14 ہزار 955 کروڑ روپے قرضہ مارکیٹ میں لگائے۔ کمپنیوں نے، اس

سال ابھی تک بھارت کی اثاثہ مارکیٹ میں، ڈیڑھ لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کی ہے۔×

MEA BANGLADESH VISA

وزارت خارجہ نے اُس فرضی رپورٹ کو خارج کردیا ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ بھارت نے چھ بنگلہ دیشی طلباء لیڈروں پر ویزے کی پابندی عائد کردی ہے۔ وزارت خارجہ کے ذرائع نے کہا ہے کہ بھارت کی طرف سے ایسی کوئی پابندی عائد نہیں کی گئی ہی۔ اس سے پہلے میڈیا کے بعض حلقوں نے خبر دی تھی کہ بنگلہ دیش کے 6 طلباء لیڈروں پر بھارت کی جانب سے پابندی عائد کردی گئی ہے۔×

JHARKHAND SHIVRAJ

جھارکھنڈ BJP کے اسمبلی چناؤ انچارج اور مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ لوگ تباہ حال قبائلیوں کی اکثریت والی ریاست جھارکھنڈ کو بچانے کیلئے BJP میں شامل ہورہے ہیں۔ ایک نیوز ایجنسی سے بات کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ جھارکھنڈ میں ہیمنت سورین کی قیادت والی اتحادی سرکار نے ریاست کو تباہ کردیا ہے۔ انھوں نے الزام لگایا کہ گھس پیٹھیوں کے ذریعہ قبائلی افراد کی زمین چھینی جارہی ہے۔

IMD WEATHER

بھارت کے محکمہ موسمیات نے ملک کے مغربی وسطیٰ اور جنوبی حصوں میں شدید سے شدید ترین بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ ِودربھ خطے میں آج بہت زیادہ بارش ہونے کا امکان ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔

IMDنے ساحلی آندھرا پردیش، Yanamتلنگانہ، کرناٹک، رائل سیما، کیرالہ اور شمال مشرقی ریاستوں میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ گجرات کے کچھ حصوں، مراٹھواڑا، مغربی مدھیہ پردیش، راجستھان، ہماچل پردیش، اتارکھنڈ اور اترپردیش میں بھی آج تیز بارش کا امکان ہے۔ محکمہئ موسمیات ے کہا یہ کہ شمال مغربی بحیرہئ عرب پر بننے والا سمندری طوفان ASNA جنوب۔ جنوب مغرب کی طرف بڑھ گیا ہے۔ اسکے مزید آگے بڑھنے اور کمزور ہوکر گہرے دباؤں میں تبدیل ہونے کا امکان ہے۔

ابھیشیک کپل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

PARALYMPICS

پیرس پیرالمپکس 2024 میں پیرا ایتھلیٹ پریتی پال نے بھارت کیلئے ایک اور تمغہ حاصل کیا ہے۔ انہوں نے خواتین کے 200 میٹرس T35-فائنل مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ انہوں نے 30 اعشاریہ صفر ایک سیکنڈس میں یہ تمغہ جیتا، جو کہ ذاتی طور پر اُن کی یہ بہترین ٹائمنگ ہے۔ اس جیت کے ساتھ ہی وہ پیرالمپکس میں دو تمغے جیتنے والی پہلی ٹریک اینڈ فیلڈ بھارتی خاتون پیرا ایتھلیٹ بن گئی ہیں۔ دوسری طرف بھارتی ایتھلیٹ نشاد کمار نے بھی مردوں کے ہائی جمپ T47-مقابلے میں دو اعشاریہ صفر چار میٹر کی شاندار کارکردگی کے ساتھ چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

اب پیرالمپکس کھیلوں کے پانچویں دن بھارتی کھلاڑیوں کے مختلف کھیل مقابلوں میں مزید تمغے جیتنے کا امکان ہے۔ بھارتی دستہ شاندار کارکردگی کے ساتھ بیڈمنٹن کا اپنا سفر ختم کرنا چاہے گا۔ پیرا تیر انداز شیتل دیوی اور راکیش کمار مکسڈ کمپاؤنڈ اوپن سیکشن میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Chirag

پیرا لمپکس میں آج ٹیم انڈیا کیلئے تمغوں کے کئی میچ ہونے ہیں۔پیرا بیڈمنٹن سیکشن میں زیادہ سے زیادہ پانچ تمغے ہوں گے۔ عالمی ریکارڈ کی حامل Deepthi Jeevanji بھی 400 میٹر T20 میں کھیل کا مظاہرہ کریں گی۔ٹوکیو میں سونے کا تمغہ حاصل کرنے والے Sumit Antilبھی Javelin Throw F64 مقابلہ میں اپنا سونے کا تمغہ بچانے کی کوشش

کریں گے۔ ایک اور ایتھلیٹ یوگیش کتھونیا F56 زمرے میں کھیلیں گے۔ مردوں کے سنگلز SL 4مقابلے میں سہاس یتھیراج کی نظر سونے کے تمغے پر ہوگی۔ وہ سیمی فائنل میں ایک اور بھارتی کھلاری Sukant Kadam کو ہرا چکے ہیں۔ خوتین کے سنگلز SU5 میں Thulasimathi Murugesanسونے کے تمغے کیلئے چین کی Qiu Xia Yong کا مقابلے کریں گی جبکہ منیشا ڈینمارک کی کیترین Rosengren سے کانسے کے تمغے کے لیے میچ کھیلیں گی۔ تمغوں کی فہرست میں: بھارت، ایک سونے کا دو چاندی کے اور 4 کانسے کے تمغوں سمیت سات تمغوں کے ساتھ 27ویں مقام پر ہے۔

ABHAY SINGH SQUASH

ملیشیاکے Seremban میں، Tuanku Muhrizٹرافی 2024 اسکویش میں، چوتھے نمبر کے کھلاڑی بھارت کے ابھے سنگھ نے اول درجے کے کھلاڑی ہانگ کانگ کے Tsz Kwan کو ہراکر اپنا 10 واں PSA ٹور خطاب جیت لیا ہے۔ 25 سالہ اسکویش کھلاڑی ابھے سنگھ نے Tsz Kwan Lauکو تین ایک، سے شکست دے کر یہ خطاب جیتا ہے۔

HOCKEY INDIA CONGRESS

14ویں ہاکی انڈیا کانگریس کَل لکھنو میں منعقد ہوئی۔ جس میں 31 ریاستوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر بھارتی ہاکی کے مستقبل سے متعلق لائحہ عمل اور کھیلوں کے فروغ اور ترقی کے لیے مشترکہ مشن کو مزید تقویت دینے کے بارے میں بات چیت کی خاطر ہاکی انڈیا کے صدر ڈاکٹر دلیپTirkey ، سکیریٹری جنرل بھولا ناتھ سنگھ، اور خزانچی Sekar J. Manoharanموجود تھے۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... کونین حیدر

شکریہ - کلیم احمد

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا کی شہ سرخی ہے: "مانسون: آندھرا پردیش میں 8 افراد کی موت، تلنگانہ میں ریلوے پٹری بہہ گئی، کئی ٹرینیں منسوخ"۔ اخبار نے دہلی میں بھارت منڈپم میں منعقدہ ضلع عدلیہ کی قومی کانفرنس سے متعلق خبر کو بھی پہلے صفحے پر نمایاں طور پر شائع کیا ہے۔ اس کی سرخی ہے: "زیر التوا مقدمات عدلیہ کے لیے ایک بڑا چیلنج: صدر جمہوریہ

روزنامہ راشٹریہ سہارا کے صفحہئ اول کی ایک اور اہم سرخی ہے: "وندے بھارت سلیپر ٹرین کی شروعات اگلے 3 ماہ میں۔ اسی خبر کو روزنامہ پرتاپ نے بھی اپنے صفحہئ اول پر نمایاں کیا ہے۔ جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پیش نظر لائن آف کنٹرول اور بین الاقوامی سرحد پر فوج کی تعیناتی بڑھائی گئی۔اس خبر کو روزنامہ پرتاپ نے اپنے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ اخبار نے بھارتیہ جنتا پارٹی کے جموں و کشمیر یونٹ کے صدر رویندر رینا کے اس بیان کو بھی پہلے صفحے پر شائع کیا ہے کہ مودی سرکار نے جموں و کشمیر کو امن کا گہوارہ بنایا۔ "اگست میں GST کی خالص آمدنی ایک اعشاریہ پانچ صفر لاکھ کروڑ سے متجاوز" اس خبر ہندوستان ایکسپریس نے صفحہئ اول پر نمایاں ہے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے شدید بارش کے بعد آندھراپردیش اور تلنگانہ کو ہر ممکن مدد فراہم کرنے کا یقین دلایا ہے۔ دونوں ریاستوں میں سیلاب بچاؤ کاری کیلئے NDRF کی 26 ٹیمیں تعینات کی جارہی ہیں۔

2. BJPآج ملک گیر رکنیت مہم کا آغاز کرے گی۔

3. بنگالی اداکاروں نے کولکاتا میں خاتون ڈاکٹر کی آبرو ریزی اور قتل کے خلاف رات بھر جاری رہنے والے احتجاج میں حصہ لیا۔

4. سازو سامان اور خدمات ٹیکسGST کی مجموعی وصولیابی سال بہ سال اگست میں 10 فیصد بڑھ کر ایک اعشاریہ سات پانچ لاکھ کروڑ روپے ہوگئی۔

5. اور: پیرس پیرالمپکس میں نشاد کمار نے مردوں کے ہائی جمپ میں چاندی کا تمغہ جیتا۔ پریتی پال نے خواتین کے 200 میٹر Sprint مقابلے میں کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------